تعارف وتبصرہ

قرآن کا راستہ

خرم مراد مترجم : مسلم سجاد

ناشر: منشورات، منصورہ، ملتان روڈ، لاہور سنہ اشاعت ۲۰۰۲ء صفحات: ۱۷۰، قیمت ۶۰/=

زیرِنظر کتاب تحریکِ اسلامی پاکستان کے معروف قائد مرحوم خرّم مراد (م ۱۹۹۶ء) کی مقبول اور موثر ترین کتاب Way to The Quran کا اردو ترجمہ ہے موصوف نے سرگرم علمی اور تحریکی زندگی گزارنے کے ساتھ علمی میدان میں بھی قابلِ قدر کام انجام دیا ہے اور اردو اور انگریزی دونوں زبانوں میں دینی، دعوتی اور تحریکی موضوعات پر بڑی مفید اور موثر کتابیں تصنیف کی ہیں۔ ان کے فیوض کا سلسلہ وفات کے بعد بھی جاری ہے اور ان کی تقریریں اور دروس قرآن وغیرہ تدوین و ترتیب کے بعد کتابی صورت میں برابر شائع ہو رہی ہیں۔ مرحوم کو قرآن کریم سے گہرا لگاؤ تھا۔ انھوں نے اپنی پوری زندگی قرآن کو سمجھنے، اس کے مطابق عمل کرنے اور اس کا پیغام عام کرنے میں گزار دی اور دوسروں کو بھی قرآن سے مضبوط تعلق پیدا کرنے اور اس کی رہنمائی میں زندگی گزارنے پر آمادہ کیا۔ ان کی موثر تحریروں نے ہزاروں نوجوانوں کی زندگیوں میں انقلاب برپا کر دیا ہے اور قرآن سے مضبوط بنیادوں پر ان کا تعلق استوار کیا ہے۔

یہ کتاب سات ابواب پر مشتمل ہے۔ ابتدائی تین ابواب میں انسانی زندگی میں قرآن کی اہمیت، مطالعۂ قرآن کے لیے بنیادی شرائط اور دورانِ مطالعہ قلب و شعور اور جسم کے مطلوبہ احوال سے بحث کی گئی ہے۔ چوتھے باب میں تلاوت کے آداب بیان کیے گئے ہیں۔ پانچویں باب میں فہمِ قرآن کی اہمیت، بنیادی شرائط، عمومی اصول اور ہدایات ذکر کی گئی ہیں۔ چھٹا باب اجتماعی مطالعۂ قرآن پر ہے۔ اس میں بتایا گیا ہے کہ حلقۂ مطالعہ کس طرح چلایا جائے؟ درس کی تیاری کس طرح کی جائے؟ اور درس کس طرح دیا جائے؟ ساتویں باب میں قرآن کے مطابق زندگی گزارنے اور اس کے پیغام کو عام کرنے پر زور دیا گیا ہے۔ آخر میں دو ضمیمے ہیں۔ ایک میں قرآن کے بعض مخصوص حصوں کے بارے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات جمع کر دیے گئے ہیں اور دوسرے میں انفرادی اور اجتماعی مطالعہ کے لیے نصابات تجویز کیے گئے ہیں۔

کتاب کا ترجمہ بہت سلیس، شستہ اور رواں ہے۔ ضرورت ہے کہ اس مفید کتاب کی ہندوستان میں بھی اشاعت کی کوئی سبیل نکالی جائے۔ (محمد رضی الاسلام ندوی)